کیا میری ذاتی معلومات دوسرے سرکاری اداروں کو فراہم کی جایئنگی؟

نہی. ذاتی معلومات جو Census میں فراہم کی جایئنگی وہ کسسی بھی دوسرے سرکاری ادارے یا ایجنسیز کو نہیں دی جائینگی، جس میں پولیس، اوسٹرالین ٹیکسیشن آفس اور سینٹرلنک شامل ہیں.

The ABS قانونی بندیشوں کی وجہ سے مجبور ہے کہ وہ تمام اوسٹرالین کی نجی معلومات کی حفاظت کرے اُور آپکی معلومات کو کبھی ایسے نہ شایع کرے کہ کسسی فرد یا گھرانے کی شناخت ہو سکے.

ایک بار Census کے مکمل ہونے کے بعد میری ذاتی معلومات کا کیا ہوگا؟

اعداد و شمار جمع کرنے اور اسکو ضرورت کے مطابق استمعال کرنے کے بعد the ABS تمام نام اور پتے گھرانوں کی دوسری معلومات میں سے نکال دے گا. یہ نام اور پتے Census کی اعداد و شماری سے الگ دوسری جگہ محفوظ کیے جائینگے. نام اور پتے اعداد و شماری کے چار سال یا اس سے بھی پہلے تباہ کردیے جائینگے، جب انکے رکھنے سے معاشرے کو کوئی فائدہ نہ ہو.

کیا Census لازمی ہے؟

جی ہاں. جو بھی آسٹریلیا میں ہو سوائۓ بیرونی ممالک کے سفارتکار اور انکے خاندانوں کے، ان پر Census کا مکمل کرنا لازم ہے چاہے وہ Census کی رات جہاں بھی ہوں یہ 457 ویزا اور بین اُلاقوامی ملاقاتیوں کے لیے بھی ہے.

یہ معلومات *Census and Statistics Act 1905*. کے اختیار نامہ کے تحت جمع کی جا تی ہیں اگر کسسی نے ہدایت ملنے کے باوجود Census مکمل نہیں کیا تو ہوسکتا ہے کہ اسکو جرمانہ ہو.

ضروری تاریخیں

Census کی ضروری تاریخیں:

- **پہلی اگست، ۲۰۱۶**
  ھدایات کی ترسیل خطوط اور فورمس کی شروعات
- **نو اگست، ۲۰۱۶**
  Census کی رات
- **چھبیس اگست، ۲۰۱۶**
  Census کے افسروں کے دورے شروع
- **وسط - ۲۰۱۷**
  Census 2016 کے پہلے نتائج جاری کئے گئے

اور جاننا چاہینگے؟

مذید معلومت کے لیے، جائیں **census.abs.gov.au**

9 اگست CENSUS (مردم شماری) کی رات ہے.

ہمارے لیے توقف اور تبدیلی لانے کا لمحہ ہے.

#MyCensus

Australian Bureau of Statistics

Census
census.abs.gov.au

OUR MOMENT TO MAKE A DIFFERENCE

@ABSCensus

CensusAustralia

Census Australia

@ABSCensus

#MyCensus

Share your #MyCensus moment. See the T&Cs at **mycensus.abs.gov.au/terms**

9 اگست CENSUS کی رات ہے۔

یہ لمحہ سب کے لیے توقف اور آسٹریلیا کے مستقبل کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کرنے کا ہے۔

Census کیا ہے؟

(Census) The Census of Population and Housing آسٹریلیا کا سب سے بڑا شماریاتی مجموعہ ہے جو (ABS) The Australian Bureau of Statistics نے شروع کیا اور وہی ذمہ دار ہے Census پچھلے سو سال سے بھی زیادے عرصے سے، آسٹریلیا کا سنیپ شاٹ مہیا کر کے ہماری قوم کے مستقبل کے لیے تعلیم، صحت، نقل و حمل اور بنیادی ڈھانچ کی تشکیل میں مدد کر رہا ہے۔

Census کب ہے؟

آسٹریلیا میں اگلا Census 9 اگست کو ہوگا۔

Census آسٹریلیا کے لیے کیا معنی رکھتا ہے؟

The Census آسٹریلیا کے لوگوں اور گھروں کے بارے میں اہم معلومات فراہم کرتا ہے۔ اس سے آسٹریلیا کی آبادی کا تخمینہ لگانے میں مدد ملتی ہے، جو حکومت کی رقوم اور خدمات کو مختلف فرقوں میں تقسیم کرنے کی منصوبہ بندی کے کام آتا ہے۔

2016 میں توقع ہے کہ The Census میں 10 ملین کے قریب مکانوں اور تقریباً 24 ملین لوگوں کی اعداد شماری ہوگی، جو ابتک سب سے بڑی ہے۔

Census آن لائن پر مکمل کریں

2016، میں توقع ہے کہ 15 ملین سے زیادہ لوگ آن لائن Census مکمل کریں گے۔

مجھے کیا توقع رکھنی چاہئیے؟

پہلی اگست سے بہت سے گھروں کو ABS کی طرف سے خط ملے گا، جس پر لکھا ہوگا 'To the Resident'۔

اس خط میں آپکے گھرانے کے لئے منفرد Census لاگ ان ہوگی اور اسکے ساتھ ہدایات ہونگی کہ آن لائن Census کیسے مکمل کرنا ہے، اس کے ساتھ ساتھ پیپر فارم منگوانے کا طریقہ بھی ہو گا۔

کیا میں اپنے ہاتھ میں پکڑنے والے آلہ کو آن لائن Census مکمل کرنے کے لیے استعمال کر سکتا ہوں؟

جی ہاں .آپ کہیں بھی جہاں انٹرنیٹ موجود ہو Census مکمل کر سکتے ہیں اپنا ڈیسک ٹاپ، لیپ ٹاپ، ٹیبلٹ یا موبائل آلہ کو استمال کر کے۔

ڈیجیٹل ہی کیوں؟

Census کا آن لائن مکمل کرنا ہی زیادہ تیز، آسان، محفوظ، ماحول کے لئے فائدہ مند اور عوام پر Census کی لاگت کو بھی کم کرتا ہے۔

کیا میں پھر بھی پیپر فارم مکمل کر سکتا ہوں؟

جی ہاں، اگر آپکو انٹرنیٹ مہیا نہ ہو یا آپکو پیپر فارم بھرنا زیادہ پسند ہو، تو صرف ہمارے خودکار پیپر فارم کے درخواست کرنے کی سہولت کو استمال کریں. اسکلئے آپکو بارہ ہندسوں کے Census لاگ ان کی ضرورت ہو گی جو آپکے گھرانے کے خط میں ہو گی۔

پیپر فارم مکمل کرنے کے بعد اسکو ریپلائی پیڈ لفافے میں تاخیر کئے بغیر واپس روانہ کریں Census کے فیلڈ افسر کا انتظار نہ کریں کہ وہ آکر جمع کرے گا۔

مجھے مترجم کی ضرورت ہے۔ کہاں کال کروں؟

اگر آپکو مترجم کی مدد درکار ہو تو کال کریں Translating and Interpreting Service - TIS National کو **131 450** پر۔

TIS TRANSLATING AND INTERPRETING SERVICE

ABS میرے نجی معلومات کی حفاظت کی یقین دہانی کیسے کروائیگا؟

The ABS نجی معلومات کی حفاظت کے بارے میں بہت سنجیدہ ہے۔ لوگوں کے مکمل اعتماد کے بغیر کہ انکی معلومات محفوظ ہیں، Census کام نہیں کرسکتا۔

The ABS مکمل یقین دہانی کرتا ہے کہ کوئی بھی ایسی معلومات نہ جاری کی جائیں کہ جو Census کے اعداد و شمار استعمال کرنے والے کو کسی خاص فرد یا گھرانے کی شناخت کرواد ے۔